٣- لَوْ كُلُّ رَبِّ غِنًى زَكّٰى فَوَائِضَهُ مَا قَامَ فِي النَّاسِ ثَوْرَاتٌ وَأَوْجَالُ

٣- أُضْبُطْ مَا يَأْتِيْ بِالشَّكْلِ ضَبْطًا تَامًّا : [درج ذیل جملوں پر مکمل اعراب لگائیے]

الله اعطاك فابذل من عطيته - فالمال عارية والعمر رحّال

٤- إِسْتَعْمِلِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ :

اَلْفِتْيَانُ - بُنْيَانٌ - اَلرِّيَاضُ - اَلثَّرَاءُ - مُحِرَاثٌ - جُلُوْسٌ - يَنْفَعُ - نَحْرُثُ - يَعْذُبُ - رَفَعْنَا -

٥- صُغْ فِعْلَ الْأَمْرِ الْحَاضِرِ مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ الْآتِيَةِ :

تَنْفَعُ - تُحْبَسُ - تَحْرُثُ - تَرْفَعُ -

٦- تَرْجِمْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ :

ا- اے دولت مند تُو احسان کر جیسے اللہ نے تجھ پر احسان کیا -

٢- مال فانی چیز ہے - مال کے ذریعے نیکی کما - ٣- اللہ تعالیٰ نیکی کو پسند کرتا ہے -

٤- ہم اپنی دولت مساکین پر خرچ کرتے ہیں - ٥- ہمارے مال میں مساکین کا حصّہ ہے -

٦- ہم وطن کی بنیادیں ہیں - ٧- ہم اپنے وطن پر قربان ہیں -

محمود ابن الماس رقم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللُّغَاتُ

پہلا سبق

آیاتِ قرآنِ کریم

اُعْبُدُوْا : تم عبادت کرو۔ (فعل امر حاضر)

تَتَّقُوْنَ : (وقی) تم پرہیزگار ہو جاؤ۔ (مضارع)

تَوَلّٰی : (ولی) پیٹھ پھیر لی۔ (ماضی)

حَفِیْظٌ : نگران۔ داروغہ۔

اِذَا قُمْتُمْ : جب تم کھڑے ہو۔

مَرَافِقُ : کہنیاں (واحد مَرْفَقٌ مِرْفَقٌ)

اَرْجُلٌ : پاؤں۔ (واحد رِجْلٌ)

اُتْلُ : (تلاوت) تلاوت کیجیے۔ پڑھیے۔ (فعل امر حاضر)

اُوْحِیَ : (وحی) وحی کی گئی۔ (ماضی مجہول)

اَقِمْ : قائم کیجیے۔ (امر حاضر)

فَحْشَاء : بے حیائی کی بات۔

لَنْ تَنَالُوْا : (نیل) تم ہرگز نہ پاؤ گے۔ (فعل مستقبل منفی مؤکد)

یُرَآءُوْنَ : (رأی) وہ دکھاوا کرتے ہیں۔ (مضارع)

مَاعُوْنٌ : عام استعمال کی چیز۔

نُسُکِیْ : میری قربانی۔ میری ہر عبادت۔

رَفَثٌ : جنسی بات۔ بے حیائی کی بات۔

تَزَوَّدُوْا : تم سفرخرچ ساتھ لے لو۔ (امر حاضر)

قَضٰی : فیصلہ کیا۔ حکم دیا۔ (ماضی)

اُفٍّ : عربی میں کلمۂ اظہارِ نفرت۔

دوسرا سبق

احادیثِ نبویہ

بُعِثْتُ : میں بھیجا گیا۔ (ماضی مجہول)

لِاُتَمِّمَ : تاکہ میں مکمل کروں۔ (مضارع منصوب)

مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ : اچھی خصلتیں۔ اخلاقِ حسنہ۔

یُفَقِّهْهُ : سمجھ عطا کرتا ہے۔ (مضارع)

یَسِّرُوْا : تم آسانی پیدا کرو۔ (امر حاضر)

لَا تُعَسِّرُوْا : تنگی مت پیدا کرو۔ (نہی حاضر)

بَشِّرُوْا : خوشخبری سناؤ۔ (امر حاضر)

لَا تُنَفِّرُوْا : نفرت مت پیدا کرو۔ (نہی حاضر)

اَلشَّدِیْدُ : پہلوان۔

صُرَعَة : پچھاڑنا۔

سِبَابٌ : گالی۔ گالی دینا۔

عِرْضٌ : عزت۔ آبرو۔

عَالَ : مفلس ہوا۔ (ماضی مطلق)

اِقْتَصَدَ : کفایت شعاری اختیار کی۔ (ماضی)

لَا یُلْدَغُ : نہیں ڈسا جاتا۔ (مضارع مجہول)

جُحْرٌ : سوراخ ۔ (جمع أَجْحَارٌ)

أَنْزِلُوا : اُتارو ۔ رکھو ۔ (امر حاضر)

مَنَازِلُ : مراتب ۔ مقامات (واحد مَنْزِلٌ)

حَاكَ : کھٹکا ۔ (ماضی)

يُخَالِلُ : دوست بناتا ہے ۔ بھائی بناتا ہے ۔ (مضارع)

مُسْتَشَارٌ : جس سے مشورہ لیا جائے ۔ (اسم مفعول)

مُؤْتَمَنٌ : جس پر اعتبار کیا جائے ۔ (اسم مفعول)

رِفْقٌ : نرمی ۔

زَانَ : زینت بخشی ۔ (ماضی مُطْلَق)

لَا تُنْزَعُ : نہیں نکالی جاتی ۔ (مضارع مجہول)

تَعُولُ : تو ذمہ دار ہے (پرورش کا) ۔ (مضارع)

تیسرا سبق

سِيرَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

عَاشَ : زندگی گزاری ۔ (ماضی مُطْلَق)

لَمْ يَسْتَكْمِلْ : مکمل نہ کیا ۔ پورا نہ کیا ۔ (فعل جحد معلوم)

كَفَلَ أَوْ كَفَّلَ : کفیل بنا ۔ سرپرست بن گیا (ماضی)

إِتَّصَفَ : متصف ہوا ۔ متصف تھا ۔ (ماضی)

خَطْفٌ : جھپٹنا ۔ چھیننا

لَمْ يَشْكُ : نہ شکایت کی ۔ (فعل جحد معلوم)

مُلَاطَفَةٌ : نرمی ۔

كَانَ لَا يُقَابِلُ : آپ بدلہ نہیں دیتے تھے (ماضی اِسْتِمْرَارِی)

كَانَ يُسَاعِدُ : آپ مدد کرتے تھے (ماضی اِسْتِمْرَارِی)

كَانَ لَا يُؤْذِي : آپ ایذا نہ پہنچاتے تھے (ماضی اِسْتِمْرَارِی)

أَزْهَرُ اللَّوْنِ : اچھی رنگت والا ۔ خوبصورت ۔

جَمِيلُ الثَّغْرِ : خوب صورت دانتوں والا ۔

أَسْوَدُ الشَّعْرِ : سیاہ بالوں والا ۔

چوتھا سبق

مَكَان (گھر)

يَتَحَدَّثَانِ : وہ دو باتیں کرتے ہیں (مضارع)

تَسْكُنُ : تو رہتا ہے ۔ (مضارع)

مِنْطَقَةٌ : علاقہ ۔

شَارِعٌ : گلی ۔ سٹریٹ ۔ (جمع شَوَارِعُ)

دَوْرَةُ الْمِيَاهِ : باتھ روم ۔ غسل خانہ

مَرْأَبٌ : گراج ۔

مُكَيَّفَةٌ بِالْهَوَاءِ : ایئر کنڈیشنڈ ۔

غَازٌ : گیس ۔ (سوئی گیس)

مَوَاقِدُ : چولھے ۔ (واحد مَوْقِدٌ)

مِدْفَأَةٌ : انگیٹھی ۔ ہیٹر ۔ (جمع مَدَافِئُ)

مُزَوَّدٌ : آراستہ ۔ مہیا کیا گیا ۔ (اسم مفعول)

سَجَّادَةٌ : قالین ۔

فَخْمٌ : عالی شان ۔

أَرِيكَةٌ : صوفہ ۔ (جمع أَرَائِكُ)

مُرِيحَةٌ : آرام دہ ۔ (اسم فاعل)

مَخْضَرَةٌ : لان ۔ (اسم ظرف)

پانچواں سبق

بیٹے کی طرف سے خط والد کے نام

خِطَابٌ : خط - (رِسَالَةٌ)

نَجَاحٌ : کامرانی -

نِلْتُ : مَیں نے حاصل کیا - (ماضی)

جَوَائِزُ : اِنعامات - (جمع جَائِزَةٌ)

تَفَوَّقْتُ : مَیں اوّل آیا - مَیں فائق رہا - (ماضی)

زُمَلَاءُ : ہم جماعت - ساتھی (واحد زَمِیْلٌ)

دَرَجَاتٌ مُمْتَازَةٌ : نمایاں پوزیشنیں -

اَلْمَوَادُّ : مضامین (واحد مَادَّةٌ)

اَلنَّجَاحُ الْبَاهِرُ : شاندار کامیابی -

أَرْجُوْ : مَیں اُمید رکھتا ہوں - (مضارع)

أَنْ تُشَارِكُوْا : کہ تم شریک ہوگے - (مضارع منصوب)

أُهْدِيْ : مَیں ہدیہ بھیجتا ہوں - پیش کرتا ہوں - (مضارع)

أَنْ لَاتَحْرِمُوْا : کہ نہ محروم رکھوگے - (مضارع منصوب)

والِد کی طرف سے جواب

تَلَقَّيْتُ : مَیں نے وصول کیا - (ماضی مطلق)

أَوْسِمَةٌ : تمغے - (واحد وِسَامٌ)

إِشْتَرَتْ : اُس (عورت) نے خریدا - (ماضی مطلق)

وَزَّعَتْ : اُس (عورت) نے تقسیم کیا - (ماضی مطلق)

جِيْرَانٌ : پڑوسی - (واحد جَارٌ)

تَهَانِيْ : مبارکبادیاں - (واحد تَهْنِئَةٌ)

اَلاِجْتِهَادُ الْمُسْتَمِرُّ : لگاتار محنت، مسلسل محنت

لَاتَكْسَلْ : مت غافل ہو - (نہی حاضر)

تَقَبَّلْ : قبول کر - (امر حاضر)

چھٹا سبق

دو کہانیاں

(۱) شَفْقَتِ صَلَاحُ الدِّيْن

صَنَائِعُ : اچھے کام احسانات - (واحد صَنِيْعٌ)

نُبْلٌ : شرافت -

يَنِمُّ : پھوٹتا ہے - باہر نکلتا ہے - (مضارع)

طَلَائِعُ : فوجی دستے - (واحد طَلِيْعَةٌ)

يُهَاجِمُ : حملہ کرتا ہے - (مضارع)

خِيَامٌ : خیمے - (واحد خَيْمَةٌ)

نَيْلٌ : پانا - مُراد مالِ غنیمت -

يَهَبُ : وہ بخشتا ہے - (مضارع)

طِفْلٌ رَضِيْعٌ : دودھ پیتا بچہ -

إِفْتَقَدَتْ : اُس (عورت) نے کھودیا - (ماضی)

بَاتَتْ : اُس (عورت) نے رات گزاری - (ماضی)

بَاكِيَةً : روتی ہوئی - (اسم فاعل - حال)

ضَارِعَةً : عاجزی کرتی ہوئی - (اسم فاعل - حال)

مُسْتَغِيْثَةً : مدد طلب کرتی ہوئی - فریاد کرتی ہوئی

رَقَّ : نرم ہوگیا - (ماضی)

دَمَعَتْ : آنسوؤں سے بھر گئیں - (ماضی)

٢-سِکندرِ یونانی اور چیونٹی

مَعَارِكُ : لڑائیاں (واحد مَعْرَكَةٌ)

يُوَاجِهُ : مُقابلہ کرتا ہے - (مُضارِع)

فُرْسٌ : اِیران - اِیرانی -

مَصِيْرَةٌ : انجام -

يَخُوْضُ : داخل ہوتا ہے - اُترتا ہے - (مضارع)

إِصْطَدَمَ : ٹکرایا - بالمُقابِل ہُوا - (ماضی)

حَامِيَةٌ : گرم } مُراد گھمسان کی لڑائی -
اَلْوَطِيْسُ : تنّور

تَرَاجَعَ : پیچھے ہٹا - پسپا ہُوا - (ماضی)

تُحَاوِلُ : چاہتی ہے - اِرادہ کرتی ہے - (مضارع)

مُرْتَفَعٌ : ٹیلا - اُونچی جگہ -

تُعَاوِدُ : دوبارہ چڑھتی ہے - (مضارع)

لَاتَمَلُّ : نہیں گھبراتی - (مضارع منفی)

إِشْتَدَّتْ : مضبوط ہوگئی - (ماضی)

عَزِيْمَةٌ : عزم - حوصلہ -

ساتواں سبق

مَدْرَسَہ

أَقْدَمُ : سب سے پُرانا - (اسمِ تفضیل)

مَكْتَبَةٌ : لائبریری -

مَلَاعِبُ : کھیل کے میدان - (واحد مَلْعَبٌ)

كُرَةُ الْقَدَمِ : فٹ بال -

كُرَةُ السَّلَّةِ : باسکٹ بال -

كُرَةُ الطَّائِرَةِ : والی بال -

كُرَةُ الصَّوْلَجَانِ : ہاکی کا گیند - (ہاکی)

فَرِيْقٌ : سیکشن - ٹیم - جماعت -

مَوَاعِيْدُ : اوقات - (واحد مِيْعَادٌ)

شَفَوِيٌّ : زبانی -

أَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ : فِیْ اَمَانِ اللّٰہ - میں آپ کو اللّٰہ کی پناہ میں دیتا ہوں -

كُلَّ عَامٍ وَأَنْتُمْ بِخَيْرٍ : خُدا آپ کو ہمیشہ خیریت سے رکھے - عرب یہ جُملہ نیا سال مبارک یا عید مُبارک کے لیے بولتے ہیں -

آٹھواں سبق

حمدِ باریِ تعالیٰ

جُوْدٌ : بخشش -

مَجْدٌ : بُزُرگی -

عُلَى : بُلندی - رِفعت -

تَبَارَكْتَ : تُو بابرکت ہے - تیری ذات مُقدّس ہے (ماضی)

حِرْزٌ : پناہ گاہ - قلعہ -

مَوْئِلٌ : جائے پناہ -

أَعْسَارٌ : تنگیاں - (واحد عُسْرٌ) إِعْسَارٌ : تنگی -

أَفْزَعُ : میں فریاد چاہتا ہوں - پناہ لیتا ہوں - (مضارع)

جَلَّتْ : بڑے ہوگئے - (گناہ) - (ماضی)

جَمَّتْ : زیادہ ہوگئے (گناہ) - (ماضی)

سُؤْلٌ : خواہشات - مُطالبات - (واحد سُؤَالٌ)

رَوْضٌ : سبزہ زار۔ باغات۔ (واحد رَوْضَۃٌ)
أَرْتَعُ : چرتا ہوں۔ پھرتا ہوں مُراد پشیمان نہ ہوں
لَا تُزِغْ : ٹیڑھا نہ کر۔ (نہی حاضر)
سَیْبٌ : مُوسلا دھار بارش۔
مَطْمَعٌ : خواہش۔ لالچ۔
أَجِرْ(نِیْ) : (مجھے) بچا۔ (فعل امر)
أَبْرَارٌ : نیک لوگ۔ (واحد بارٌّ)
خُشَّعٌ : عاجزی کرنے والے (واحد خاشعٌ)
مُنِیْبٌ : توبہ کرنے والا۔ (اِسم فاعل)
تَقِیٌّ : پرہیزگار۔ ڈرنے والا۔ (صفتِ مُشبّہ)
قَانِتٌ : اِطاعت گزار۔ (اِسم فاعل)
لَا تَحْرِمْ : محرُوم نہ کر۔ (فعل نہی)
اَلْمُشَفَّعُ : جس کی شفاعت قبول ہو۔ مُراد رسُولِ کریم صَلَّی اللہُ علیہ وسلم۔ (اسم مفعُول)

(۲)

تَعَبُّدٌ : عِبادت۔ اِطاعت۔
عِقْدٌ : ہار۔ (جمع عُقُوْدٌ)
أَوْحَدُ : بے نظیر۔ یکتا۔ (اِسم تفضیل)
تَعَزَّزَ : عِزّت والا ہُوا۔ غالب ہُوا۔ (ماضی)
تَفَرَّدَ : یکتا ہُوا۔ (ماضی)
مُؤَبَّدٌ : ہمیشہ رہنے والا۔ تا ابد رہنے والا۔
أَنْشَأَ : پیدا کیا۔ وجود میں لایا۔ (ماضی)
بَایَنَ : مُختلف رہا۔ (ماضی)
إِسْتَوٰی : رونق افروز ہُوا۔ جلوہ گر ہُوا (ماضی)

تَمَجَّدَ : بزُرگ ہُوا۔ (ماضی)
أَنْ یُحَدَّدَ : کہ اُس کی حد بیان کی جائے۔ (مضارع مجہُول)

نواں سبق

قرآنی آیات

یُقَاتَلُوْنَ : اُن سے لڑائی کی جاتی ہے (مضارع مجہُول)
أُخْرِجُوْا : وُہ نکالے گئے۔ (ماضی مجہُول)
هُدِّمَتْ : گرا دیے گئے۔ گرا دیے جاتے۔ (ماضی مجہُول)
صَوَامِعُ : گرجے۔ (واحد صَوْمَعَۃٌ)
بِیَعٌ : عبادت خانے (واحد بِیْعَۃٌ)
إِقْتَرَفْتُمْ : تُم نے جمع کیا۔ (ماضی)
تَخْشَوْنَ : تم خوف کھاتے ہو۔ ڈرتے ہو (مضارع)
کَسَادٌ : نُقصان۔ خسارہ۔
تَرَبَّصُوْا : تُم اِنتظار کرو۔ (امر حاضر)
أُغْلُظْ : سختی کیجیے۔ سخت ہو جائیے (امر حاضر)
رِبَاطُ الْخَیْلِ : گھوڑوں کا سرحدوں پر باندھنا۔
تُرْهِبُوْنَ : تم ڈراتے ہو مُراد تم ڈراؤ۔ (مضارع)

دسواں سبق

احادیثِ نبوی

حِیْتَانٌ : مچھلیاں۔ (واحد حُوْتٌ)
غَرَسَ : درخت لگایا۔ (ماضی)
لِیَنْظُرْ : چاہیے کہ وہ دیکھے (امر غائب فعل)
مَلْهُوْفٌ : مُصیبت زدہ۔ غم زدہ۔ (اسم مفعُول)
یُمْسِكُ : بچاتا ہے۔ اپنے آپ کو روکے رکھتا ہے (مضارع)

مُقْسِطِيْنَ : اِنصاف کرنے والے۔ (واحد مُقْسِطٌ)

وَلُوْا : وُہ حاکم بن گئے۔ والی ہُوئے۔ (ماضی)

لَمْ يَجْتَرِئْ : نہ جُرأت کی۔ (فعل جحد معلوم)

گیارھواں سَبق

چڑیا گھر

أَهْلاً وَسَهْلاً : خُوش آمدید۔

تَفَضَّلْ : تشریف رکھیے۔ (امر حاضر)

فِيْلٌ : ہاتھی۔ (جمع أَفْيَالٌ)

أَسَدٌ : شیر۔ (جمع أُسْدٌ و آسَادٌ)

غِزَالٌ : ہرن۔ (جمع غِزْلَانٌ)

دُبٌّ : رِیچھ۔ (جمع أَدْبَابٌ و دِبَبَةٌ)

زَرَافَةٌ : شُترمُرغ۔ (جمع زَرَائِفُ و زَرَافِيُّ)

فَرَسُ الْبَحْرِ : دریائی گھوڑا۔

حَدِيثًا : تازہ۔ ابھی ابھی (نئے)۔

زَئِيْرُ الْأَسَدِ : شیر کی گرج۔

ثَعَابِيْنُ : سانپ۔ (واحد ثُعْبَانٌ)

بارھواں سَبق

سِيرَةُ النَّبِی صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّم

فَلَقٌ : طلوع ہونا۔ پھٹنا۔

حُبِّبَ : پسندیدہ بنایا گیا۔ (ماضی مجہول)

تَأَسَّى : تقلید کی۔ (ماضی مُطلق)

أَصْنَامٌ : بُت۔ (واحد صَنَمٌ)

أَوْثَانٌ : بُت۔ (واحد وَثَنٌ)

قَاوَمَتْ : مُقابلہ کیا۔ (ماضی مُطلق)

يَفْشُوْ : پھیلتا ہے۔ مُراد پھیلتا رہا ہے (مُضارع)

مُقَاطَعَةٌ : بائیکاٹ۔

لَا يُبَايِعُوْا : وُہ لین دین نہ کریں (نہی غائب)

لَا يُنَاكِحُوْا : وُہ نکاح شادی نہ کریں (نہی غائب)

عَقَبَة : ایک جگہ کا نام۔

بَايَعَ : بَیعت کی۔ (ماضی مُطلق)

أَرْسَالٌ : جماعتیں۔ گروہ کے گروہ۔ (واحد رَسَلٌ)

مَنَحَ : عطا کیا۔ (ماضی مُطلق)

تیرھواں سَبق

دوست کا خط دوست کے نام

إِنْتَهَتْ : ختم ہوگئی (ختم ہوگئیں) (ماضی)

إِجَازَةٌ : تعطیلات۔ (عُطْلَةٌ)

أُهَنِّئُ : میں مُبارکباد پیش کرتا ہوں (مُضارع)

حُلُوْلٌ : آمد۔ داخل ہونا۔

أُعَبِّرُ : میں تعبیر کرتا ہوں (مُضارع)

مَشَاعِرُ : احساسات۔ (واحد مَشْعَرٌ)

جِدٌّ : محنت۔ کوشش۔

نَشَاطٌ : چُستی۔

مَصُوْنَةٌ : پاکدامن۔ عفیفہ (اسم مفعول)

كُلَّ عَامٍ وَأَنْتُمْ بِخَيْرٍ :

سالِ نَو مُبارک۔

(خط کا جواب)

تَسَلَّمْتُ : مَیں نے وُصول کیا۔ مجھے ملا۔ (ماضی)

لَمْ أَتَلَقَّ : مَیں نے نہ پایا۔ مجھے نہ مِلا۔ (فعل جحد معلوم)

عَاهَدْتُّ : مَیں نے وَعدہ کِیا۔ (ماضی)

أُقَدِّمُ : مَیں پیش کرتا ہُوں۔ (مضارع)

أَصْدَقُ عَوَاطِفِیْ : اپنے خُلوص بھرے جَذْبات واِحساسات

لَا یَنْسٰی : نہ بُھولے گا۔ (مُضارِع منفی)

چَودھواں سَبَق

لَطَائف

رَمٰی : تِیر پھینکا۔ (ماضی)

لَمْ یُصِبْ : نِشانے پر نہ لگا۔ (جحد معلوم)

أَحْسَنْتَ : تُو نے اِحسان کیا۔

خَاصَمَتْ : (عورت نے) مُقدّمہ چلایا۔ جھگڑا کیا۔ (ماضی)

بَکَتْ : وُہ (عورت) روئی (ماضی)

یَبْکُوْنَ : وُہ روتے ہیں (روتے تھے)۔ (مضارع)

بُہْلُوْل : ایک مجذوب دانا کا نام۔

لَسَعَتْ : ڈسا۔ (ماضی)

اَلصِّیَاحُ : چِلّانا۔

صُرَّةٌ : تھیلی۔ (جمع صُرَرٌ)

عُدَّ : گِن۔ گِنتی کر۔ (فعل امر حاضر)

مَجَانِیْنُ : پاگل لوگ۔ (واحد مَجْنُوْنٌ)۔

زَوْرَقٌ : چھوٹی کشتی۔ (جمع زَوَارِقُ)

یُقَرْقِعُ : (چھت کی شہتیں) کڑکڑاتی ہے۔ (مضارع)

تَسَوَّرَ : (وُہ) دِیوار پھاند کر داخل ہُوا۔ (دیوار پر چڑھا)۔ ,, (ماضی)

مَعْشَرٌ : گروہ۔ جماعت (جمع مَعَاشِرُ)

لِئَامٌ : کمینے لوگ۔ (واحد لَئِیْمٌ)۔

پَندرھواں سَبَق

شفاخانہ

أَقْسَامٌ : شعبہ جات۔ وارڈز (واحد قِسْمٌ)

حَنْجَرَةٌ : گلا۔ (حُلقُوْمٌ۔ حَلْقٌ)۔ (جمع حَنَاجِرُ)۔

اَلْعَمَلِیَّاتُ الْجِرَاحِیَّةُ : سرجیکل آپریشن۔

مَسْرَحٌ : تھیئیٹر۔ (جمع مَسَارِحُ)۔

قِسْمٌ خَارِجِیٌّ : آؤٹ ڈور وارڈ۔

اَلطَّوَارِئُ : حادثات۔ (واحد طَارِئَةٌ)۔

صَیَادِلَةٌ : ڈسپنسر حضرات (واحد صَیْدَلِیٌّ)

مُمَرِّضَاتٌ : نرسیں۔ (واحد مُمَرِّضَةٌ)

مُسَاعِدِیْنَ : اسِسٹنٹ۔ ہیلپرز (واحد مُسَاعِدٌ)

عُمَّالٌ : چھوٹے مُلازِمین۔ (واحد عَامِلٌ)

مَجَّانًا : مُفت۔

مِیْزَانِیَّةٌ : بجٹ

تَجْهِیْزٌ : مُہیّا کرنا۔ فراہم کرنا۔

مُوْسِرِیْنَ : (یُسْر) مالدار لوگ۔ (واحد مُوْسِرٌ) (أَغْنِیَاءُ)

يُغَادِرُ : (غدر) چھوڑے گا۔ (مضارع)

مِهْنَةٌ : مُراد پیشہ۔ (خدمت یا کسی کام میں پوری مہارت)

سولھواں سبق

وَطَنی گیت

هَيَّا : جلدی آئیے۔ جلدی کیجیے۔ (اسم فعل)

نُدْرِكُ : ہم پالیں۔ حاصل کریں۔ (مضارع)

اَلثَّارُ الدَّفِيْنُ : چُھپا ہُوا انتقام۔

نُسْرِجُ : ہم زِین رکھّیں۔ (مضارع)

نَسْعٰى : ہم دَوڑیں۔ دَوڑ کر جائیں (مُضارع)

وَغٰى : جنگ۔

مُسْتَبْسِلِيْنَ : بہادُر۔ مَیدانِ جنگ میں گھُسنے والے۔ (واحد مُسْتَبْسِلٌ)

شَعْبٌ : قَوم۔ (جمع شُعُوْبٌ)۔

مُسْتَكِيْنٌ : (كَوْنٌ) ۔ ذلیل۔ عاجز۔ (اسم فاعل)

حَصِيْنٌ : مضبُوط قلعہ۔

نَصْرَعُ : پچھاڑتے ہیں۔ (مُضارع)

اَلْمِحَنُ : مصائب۔ آزمائشیں (واحد مِحْنَةٌ)

نَفْتَدِيْ : ہم قُربان ہوتے ہیں۔ (مُضارع)

سِرْنَا : ہم چلے۔ (ماضی)

آسَادٌ : شیر۔ (واحد أَسَدٌ)۔

جِيَاعٌ : بھُوکے۔ (واحد جَائِعٌ وجَوْعَانُ)

دَأْبٌ : طریقہ۔

دَكٌّ : توڑنا۔ گرانا۔

هَمٌّ : خواہش۔ تمنّا۔ فِکر (جمع هُمُوْمٌ)۔

إِنْقَاذٌ : بچانا۔ چُھڑانا۔ (مصدر)

رَخُصَتْ : سستی ہوگئیں۔ (ماضی)

اَلضَّحَايَا : قُربانیاں۔ (واحد أُضْحِيَةٌ)

تَرَأَّمَتْ : گھُل مِل گئیں۔ (ماضی)

ثَرٰى : مٹّی۔ زمِین۔ (ثَرَاءٌ)

مَيْتَةٌ : موت۔

حِمٰى : قدیم معنیٰ چراگاہ۔ جدید مفہُوم: جس کی حفاظت ضرُوری ہو۔ یعنی وطن، قوم اور عزّت۔ یہاں مُطلق حفاظت اور دِفاع مُراد ہے۔

تَحَدّٰى : (حدی) مُقابلہ کیا۔ (ماضی)

نُخَضِّبُ : ہم رنگین کردیتے ہیں۔ (مضارع)

دِمَاءٌ : خُون۔ (واحد دَمٌ)۔

ستھرواں سبق

پاکستان

دَوْلَةٌ : سلطنت۔ مُلک۔ (جمع دُوَلٌ)

أُنْشِئَتْ : معرضِ وجُود میں لائی گئی۔ (ماضی مجہُول)

كِفَاحٌ : مُقابلہ۔ جدّ وجُہد۔ ٹکّر۔

اَلْاِسْتِعْمَارُ : اِمپیریَلزم۔ دُوسرے ممالک پر قبضہ کرنے کی خواہش۔

هَنَادِكَةٌ : ہِندو لوگ۔ (واحد هِنْدُوْكِيٌّ)

عَاصِمَةٌ : دارُالحکومت۔ (جمع عَوَاصِمُ)

جَنَاحَيْنِ : (تثنیہ) دو حصے (واحد جَنَاحٌ)

تَدَخُّلٌ : بے جا مداخلت۔

تَحْتَوِی : (حوی) مشتمل ہے۔ (مضارع)

أَقَالِيْمُ : صوبے۔ (واحد إِقْلِيْمٌ)

إِنْشَاءٌ : پیدا کرنا۔ کھولنا۔

مَعَامِلُ : کارخانے۔ (واحد مَعْمَلٌ)

مَصَانِعُ : فیکٹریاں۔ (واحد مَصْنَعٌ)

جَامِعَاتٌ : یونیورسٹیاں۔ (واحد جَامِعَةٌ)

تَقَدُّمٌ : ترقی

مَلْمُوْسٌ : جسے محسوس کیا جائے۔ (اسم مفعول)

مَيَادِيْنُ : میدان۔ شعبے۔ (واحد مَيْدَانٌ)

مُدُنٌ : شہر۔ (واحد مَدِيْنَةٌ)

اَلْأَنْهَارُ : دریا۔ (واحد نَهْرٌ)

أَقْنِيَةٌ : نہریں۔ (واحد قَنَاةٌ)

أَخْصَبُ : زرخیزترین۔ (اسم تفضیل)

إِرْتَقَتْ : (رقی) ترقی کی۔ (ماضی)

اَلثَّقَافَةُ : علوم و فنون میں ترقی۔
تعلیم۔ کلچر۔

تَصْدِيْرٌ : برآمد کرنا۔ (مصدر)

مُنْتَجَاتٌ : پیداوار۔ سامان (واحد مُنْتَجَةٌ)

مَنْسُوْجَاتٌ : ہر قسم کے کپڑے۔ سوتی
اور اونی۔ بنی ہوئی چیزیں

حَاصِلَاتٌ : پیداوار۔ آمدنی۔

تُذَكِّرُ : یاد دلاتا ہے۔ یاد تازہ کرتا ہے
(فعل مضارع مؤنث)

جَبَلِيٌّ : پہاڑی۔ (اسم منسوب)

شَتَّى : مختلف۔

سُلَالَةٌ : قبیلہ۔ خاندان۔

مَصِيْفٌ : موسم گرما کا صحت افزا مقام۔
(اسم ظرف)

رَائِحٌ : آرام دہ۔ راحت بخش۔ (اسم فاعل)

مِنْطَقَةٌ : علاقہ۔ خطہ۔ (جمع مَنَاطِقُ)

اَلطُّرُقُ الْمَرْصُوْفَةُ : پختہ سڑکیں۔

أَلْقَى : ڈالا۔ پھینکا۔ (ماضی)

اَلْقَارَّةُ الصَّغِيْرَةُ : برصغیر۔

(برصغیر پاک و ہند)

كَثِيْرُ الْعُمْرَانِ : خوب آباد۔ خوشحال۔

مِيْنَاءٌ : بندرگاہ۔ (جمع مَوَانِئُ)

اٹھارھواں سبق

ریل کا سفر

إِشْتَرَيْتَ : تو نے خریدا۔ (ماضی)

تَذْكِرَةٌ : ٹکٹ۔ (جمع تَذَاكِرُ)

دَرَجَةٌ : کلاس۔ (جمع دَرَجَاتٌ)

اَلْمُكَيَّفَةُ : ایئر کنڈیشنڈ۔

عَرَبَاتٌ : ڈبے۔ کمپارٹمنٹ۔ چھکڑے
(واحد عَرَبَةٌ)

مُرَطِّبَاتٌ : فرحت بخش کھانے پینے
کی چیزیں۔ فروٹ، کوکا وغیرہ

تَنَامُ : (نوم) تو سوتا ہے۔ (مضارع)

أُفَضِّلُ : مَیں ترجیح دیتا ہُوں - (مضارع)

هُدُوْءٌ : آرام - اطمینان -

ضَوْضَاءُ : شور و غُل -

هَزَّاتٌ : جھٹکے - (واحد هَزَّةٌ)

قِطَارٌ سَرِيْعٌ : ایکسپریس ٹرین -

يَتَوَقَّفُ : ٹھہرتا ہے - مُراد ریل ٹھہرتی ہے

مَحَطَّةٌ : سٹیشن - (جمع مَحَطَّاتٌ) -

سِكَّةٌ حَدِيْدِيَّةٌ : ریلوے لائن -

اَلْمُفَتِّشُ : پڑتال کرنے والا - چیک کرنے والا - (اسمِ فاعل)

أُتُوبِيْسَاتٌ : موٹریں - (واحد أُتُوبِيْسٌ)

اُنّیسواں سَبَق

سَیِّدنا فاروقِ اَعْظم رضؓ

يَلْتَقِيْ : (لقی) مِل جاتا ہے - مِلتا ہے (مضارع)

عَرِيْقُ النَّسَبِ : اچھے نسب والا -

خُشُوْنَةٌ : شدّت - سختی - تنگی -

كَانَ يَرْعٰى : چرایا کرتا تھا - (ماضی استمراری)

رَغْمٌ : باوُجُود -

نَشْأَةٌ : زندگی -

نَعِيْمٌ : ناز و نعمت - آرام .

مُتَخَاصِمُوْنَ : جھگڑنے والے (واحد مُتَخَاصِمٌ) (اسمِ فاعل)

اَلْمُجَاوِرِيْنَ : پڑوسی - (واحد مُجَاوِرٌ)

أَهَانَ : توہین کی - بے عزّتی کی - (ماضی)

آذٰى : ایذا پہنچائی -

تَجَهَّزَ : تیاری کی - (ماضی)

زَعِيْمٌ : سردار - (جمع زُعَمَاءُ)

مُرَحِّبِيْنَ : خوش آمدید کہنے والے - (واحد مُرَحِّبٌ)

نِقْمَةٌ : عذاب - مُصیبت -

أَنِفٌ : سرکش - باغی -

يُدَقِّقُ : پُوری تحقیق کرتا ہے - چھان بین کرتا ہے

إِسْتِبْدَادٌ : ظلم -

إِعْوِجَاجٌ : ٹیڑھا پن -

لِيُقَوِّمْ : اُسے چاہیے کہ سیدھا کر دے - (امر غائب)

سَاسَ : چلایا - تدبیر کی - (سیاست) -

يَرْكَنُ : مائل ہوتا ہے - پناہ لیتا ہے - (مضارع)

بیسواں سَبَق

آیاتِ قرآنیہ

مَكَّنَّا : ہم نے بسایا - (ماضی)

مَعَايِشُ : روزی کا سامان (واحد مَعِيْشَةٌ)

لِيَبْلُوَ : تاکہ آزمائے - (مضارع منصوب)

سُخْرِيًّا : کام لینا - بلا اُجرت کام لینا -

ماتحت بنانا - (مُراد ماتحت - تابع)

عَفْوٌ : مُراد ضرورت سے زائد -

حَصَادٌ : فصل کاٹنا - فصل اُٹھانا -

لَا تُسْرِفُوْا : اسراف نہ کرو - (فعل نہی)

لَا تَيَمَّمُوْا : مت ارادہ کرو - (فعل نہی)

أَنْ تُغْمِضُوْا : کہ تُم چشم پوشی سے کام لو - (مضارع منصوب)

تَرَاضٍ : باہمی رضامندی۔

قِنَا : (وقی) قِ : بچا۔ (فعل امر)

نَا : ہم کو۔ (اسمِ ضمیر)

اِکیسواں سبق

اَحادیثِ نبویّہ

أُفٍّ : کلمۂ توبیخ، جس سے نفرت کا اظہار ہو

أَوْصِ : (وصی) وصیّت کیجیے۔ (امر حاضر)

مِرَارًا : کئی بار

إِضْمَنُوْا : تم ضمانت دو۔ (امر حاضر)

غُضُّوْا : تم نیچی رکھو۔ (امر حاضر)

كُفُّوْا : تم روکو (ظلم سے)۔ (امر حاضر)

طَعَّانٌ : بہت عیب جو، طعنہ زن، کسی کی بے عزّتی کرنے والا۔ (اسم مبالغہ)

لَعَّانٌ : بہت لعنت کرنے والا۔ گالی دینے والا۔ (اسم مبالغہ)

فَاحِشٌ : بُرا۔ بدخصلت۔ فحش بکنے والا۔

بَذِيٌّ : لغوگو۔ بے ہودہ باتیں کرنے والا۔

قَتَّاتٌ : چغل خور۔ (نمّامٌ)

إِغْتَبْتَ : تونے غیبت کی۔ (ماضی)

بَهَتَّ : (بہت) تونے بہتان لگایا۔ (ماضی)

كَانَتْ تَطِيْشُ : (ہاتھ) گھومتا پھرتا تھا پاگلوں کی طرح اِدھر اُدھر ہاتھ ڈالتا تھا (ماضی استمراری)

سَمِّ : بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ۔ اللہ کے نام سے شروع کر۔ (فعل امر)

طِعْمَةٌ : کھانے کا طریقہ۔

مُتَّكِئٌ : (وکأ) ٹیک لگانے والا۔ (اسم فاعل)

دِيْبَاجٌ : ریشمی کپڑا۔

مُخَنَّثِيْنَ : مرد جو عورتوں کی شکل اختیار کریں (اسمِ مفعول)

مُتَرَجِّلَاتٌ : مردوں کی شکل وصورت اپنانے والی عورتیں۔ (اسم فاعل)

بائیسواں سبق

اخبار و رسائل

تَظْهَرُ : نکلے گا۔ ظاہر ہوگا۔ (مضارع)

جَرِيْدَةٌ : اخبار۔ (جمع جرائد)

وَظَائِفُ : مُلازمتیں۔ سروسز۔ روزگار۔ (واحد وظیفۃ)

مَجَلَّاتٌ : رسالے۔ میگزین۔ (واحد مجلّة)

مَجَلَّاتٌ أُسْبُوْعِيَّةٌ : ہفتہ وار رسالے۔

مَجَلَّاتٌ شَهْرِيَّةٌ : ماہنامے۔

مَجَلَّاتٌ دَوْرِيَّةٌ / صُحُفٌ دَوْرِيَّةٌ : ایک ماہ۔ تین ماہ۔ چھے ماہ اور سال بعد نکلنے والے رسالے۔ (پیریاڈیکلز)

كُشْكٌ : اخبارات و رسائل کا سٹال۔

بَائِعُ الْجَرَائِدِ : اخبار فروش۔

يُوَزِّعُ : تقسیم کرتا ہے۔ (مضارع)

ثَمَنُ الْجَرِيْدَةِ : اخبار کی قیمت۔

اِشْتِرَاكًا شَهْرِيًّا : ماہانہ بدلِ اشتراک۔ ماہانہ چندہ

مُعْظَمُ : اکثر - زیادہ تر -

أَنْبَاءُ : خبریں - (واحد نَبَأٌ)

وَكَالَاتٌ : ایجنسیاں - (واحد وَكَالَةٌ) -

مُمَثِّلُوْنَ : نمائندے - (واحد مُمَثِّلٌ)

مُرَاسِلُوْنَ : نامہ نگار - (واحد مُرَاسِلٌ)

تئیسواں سَبَق

نظریّۂ پاکستان

هَدَفٌ : مقصد - نشانہ (جمع أَهْدَافٌ) -

فَتْرَةٌ : زمانہ - عرصہ - وقفہ -

اَلسَّيْطَرَةُ الْمُطْلَقَةُ : مکمّل قبضہ اور تسلّط -

مَكَايِدُ : مکر و فریب - سازشیں - (واحد مَكِيْدَةٌ)

حِيَلٌ : حیلے - بہانے - ہتھکنڈے (واحد حِيْلَةٌ)

لُعْبَةٌ : جس چیز سے کھیلا جائے - کھلونا - (جمع لُعَبٌ) -

إِصْدَارٌ وَإِدَارَةٌ : چلانا - جاری کرنا - (مصدر)

ثَارُوْا : وہ باغی ہو گئے - (ماضی)

أُسَارٰی : قیدی - (واحد أَسِيْرٌ) -

اَلْاِحْتِلَالُ : (حَلّ) - قبضہ - تسلّط -

عُصْبَةُ الْمُسْلِمِيْنَ : مسلمانوں کی جماعت - مسلم لیگ -

فِكْرَةٌ : نظریہ - (جمع فِكَرٌ)

مَشَاكِلُ : مسائل - پرابلمز - (واحد مُشْكِلَةٌ)

تَجَمَّعَ : (مسلمان) جمع ہو گئے - (ماضی)

خَيَّبُوْا : مایوس کر دیا - ناکام بنا دیا - (ماضی)

زُعَمَاءُ : لیڈرز - رہنما - (واحد زَعِيْمٌ)

چوبیسواں سَبَق

نعتِ سیّد المرسلین

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

أَغَرُّ : روشن پیشانی والا - بہت خوبصورت
جمع غُرٌّ و غُرَّانٌ - (صفت مشبّہ)
عورت کے لیے غَرَّاءُ بولتے ہیں -

خَاتَمٌ : مہر - انگشتری (جمع خَوَاتِمُ)

يَلُوْحُ : وہ (مہر) چمکتی ہے - ظاہر ہوتی ہے - (مضارع)

ضَمَّ : ملایا - جوڑا - (ماضی)

شَقَّ : نکالا - مشتق کیا - (ماضی)

لِيُجِلَّ : تاکہ شان بلند کرے - (مضارع منصوب)

فَتْرَةٌ : عرصہ - وقفہ - دو نبیوں کے درمیان کا وقفہ اور عرصہ -

سِرَاجٌ : چراغ - لیمپ - (جمع سُرُجٌ)

مُسْتَنِيْرٌ : روشن کرنے والا (اسم فاعل)

اَلصَّقِيْلُ الْمُهَنَّدُ : ہندوستان کی بنی ہوئی چمکدار تلوار -

هَوْلٌ : خطرہ - مصیبت (جمع أَهْوَالٌ)

مُقْتَحِمٌ : (قحم) اچانک آنے والا -

گھس جانے والا - عیب لگانے والا (اسمِ فاعل)

لَمْ يُدَانُوْهُ: وہ تمام (انبیاء) آپؐ کے قریب نہ آسکے - مُقابلہ نہ کرسکے - (فعل جحد معلوم)

أُنْسُبْ: منسوب کر (امر حاضر)

يَعْرُبُ: عربی میں فصیح بات کرے - کلام کرے - (فعل مُضارع)

نَاطِقٌ: بولنے والا - بات کرنے والا - (اسمِ فاعل)

پچیسواں سبق

کارخانہ

تَسَلَّمْتَ: تُونے حاصل کرلیا - وُصُول کیا - (ماضی)

عَمَلٌ: کام - مُلازمت - سروس -

مَصْنَعُ الْحَدِيْدِ وَالصُّلْبِ: سٹیل مِل - لوہے اور فولاد کا کارخانہ

مُهَنْدِسٌ: انجینیئر - (اسمِ فاعل)

ضَخْمٌ: بڑا - عالی شان -

يَصْطَنِعُ: بناتا ہے - تیار کرتا ہے - (مضارع)

أَحْدَثُ: جدید ترین -

أَضْخَمُ الْآلَاتِ: ثقیل اور بھاری مشینری -

اَلْمُعَدَّاتُ مِنَ الْحَدِيْدِ: لوہے کا سامان - مشینری -

غَزْلٌ: کاتنا -

نَسِيْجٌ: بُننا -

مَصْنَعٌ لِلْغَزْلِ وَالنَّسِيْجِ: ٹیکسٹائل مِل - کپڑے کا کارخانہ -

أَقْمِشَةٌ: کپڑے - (واحد قُماش)

رَائِعَةٌ: اعلیٰ - عُمدہ -

نُصَدِّرُ: ہم برآمد کرتے ہیں -

اَلْأَسْمِدَةُ الْكِيْمَاوِيَّةُ: کیمیائی کھادیں -

إِنْتَاجٌ: پیداوار -

فَائِضٌ: زائد - وافر -

اَلْعُمُلَاتُ الصَّعْبَةُ: ہارڈ کرنسی - سونے چاندی کے سکے -

اَلْمُبَادَلَةُ الْخَارِجِيَّةُ: بیرونی زرِ مُبادلہ -

چھبیسواں سبق

سیّدنا علی رَضِیَ اللہُ عَنْہُ

بَتُوْلٌ: دُنیا سے کٹ کر اللہ سے لَو لگانے والی - (لقب حضرت سیّدہ فاطمہ رَضِیَ اللہُ تعالیٰ عَنْہا)

رَبِيَ: پرورش پائی - (ماضی)

تَأَدَّبَ: طریقۂ زندگی اختیار کیا - ادب سیکھا - (ماضی)

مُفَدًّى: فِدا کرنے والا - (اسمِ فاعل)

هَوَادَةٌ: نرمی - کمزوری -

مَبِيْتٌ: بستر - سونے کی جگہ - (اسمِ ظرف)

وَدَائِعُ : آمانتیں (جمع وَدِیْعَةٌ) -

اِسْتَخْلَفَ : جانشین بنایا - (ماضی)

فَتْكًا : گرفت کے لحاظ سے - (اسم تمیین)

تَبَخْتَرَ : اِترایا - تکبر و غرور کا اِظہار کیا - (فعل ماضی)

يَبْرُزُ : نکلے گا - مُقابلہ کرنے گا - (مضارع)

مُوَدِّعٌ : الوداع کہنے والا - (اسم فاعل)

تَقْدَحَانِ الشَّرَرَ : (اُس کی آنکھیں) آگ کے شرارے نکالتی تھیں یعنی غُصّے سے لال تھیں -

يَنْتَفِضُ : کانپتا ہے یعنی جسم غُصّے سے کانپ رہا تھا - (مُضارع)

اِخْتَرَقَ : (تلوار) چیر گئی - پار نکل گئی - (ماضی)

يَتَخَبَّطُ فِیْ دَمِهٖ : اپنے خون میں خنطیوں کی طرح ایڑیاں رگڑتا تھا - (مضارع بمعنی ماضی)

آخٰی : بھائی بھائی بنایا - (ماضی)

صِهْرٌ : سُسرالی رشتہ -

اُسْتُشْهِدَ : شہید کیا گیا - (ماضی مجہول)

أَغْلَقَ : بند کر دیا - (ماضی)

أَلْجَئُوْا : اُنھوں نے مجبور کر دیا - (ماضی)

تَخَلَّفَ : شریک نہ ہُوا - پیچھے رہا - (ماضی)

ثَأْرٌ : اِنتقام -

تَهَاوُنٌ : سُستی -

قَتَلَةٌ : قاتلین - (واحد قاتِلٌ)

اِلْتَقٰی : (دو لشکروں نے) مُقابلہ کیا - دونوں لشکر ٹکرائے - (ماضی)

وَقْعَةٌ : واقعہ - لڑائی -

شَاطِئٌ : کنارا - ساحل - (جمع شَوَاطِئُ)

اِنْهَزَمَ : شکست کھا گیا -

لَوْ لَمْ يَلْجَئُوْا : اگر وُہ پناہ نہ لیتے -

مُبَالَاةٌ : پروا -

اِسْتِشْهَادٌ : شہادت پانا - وفات پانا - شہادت -

سَتائیسواں سَبَق

سِيرَةُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

شَمَائِلُ : فِطری عادات و خصائل - (واحد شَمِيْلَةٌ و شِمَالٌ)

خُيِّرَ : (آپؐ کو) اِختیار دیا گیا - (ماضی مجہول)

اِخْتَارَ : پسند کیا - اِختیار کیا - (ماضی)

لَا تَقُوْمُوْا : مت کھڑے ہو - (فعل نہی)

أَعَاجِمُ : عجمی لوگ - (واحد عَجَمِیٌّ)

شَقَقْتَ عَلَيَّ : تُو نے مجھے تکلیف پہنچائی -

بُرْدٌ : چادر - (جمع بُرُوْدٌ)

جَذَبَ : کھینچا - (ماضی)

يُقَادُ : بدلہ لیا جائے گا - (مضارع مجہول)

لَا تُكَافِئُ : تم (رسُولِ کریم) بدلہ نہیں دیتے -

لَمْ يَأْوِ : نہ قیام فرماتے نہ گھر جاتے (مضارع مجزوم)

حَتّٰى يَتَبَرَّأَ عَنْهُ : یہاں تک کہ آپ اِس سے فارغ ہوجاتے - یعنی کسی مُستحق کو دے دیتے -

اَٹھائیسواں سبق

ڈاک خانہ

تَلَقَّيْتَ : تُونے وُصول کیا - (ماضی)

مُسَجَّلٌ : رجسٹرڈ خط -

هِوَايَاتٌ : تفریحی مشاغل -

جَمْعُ الطَّوَابِعِ : ٹکٹیں جمع کرنا -

مُرَاسَلَةٌ : دوستانہ خط وکتابت -

عُضْوٌ : رُکن (جمع أَعْضَاءٌ)

جَمْعِيَّةٌ : جماعت - لیگ -

هُوَاةٌ : چاہنے والے - ایک جیسا مشغلہ رکھنے والے - (واحد هَاوٍ) -

اَلطَّابَعُ التِّذْكَارِيُّ : یادگار ٹکٹ -

بُوسْتَةٌ : ڈاک خانہ - (مَكْتَبُ الْبَرِيدِ)

مُدِيرُ مَكْتَبِ الْبَرِيدِ : پوسٹ ماسٹر -

أَرْخَصُ : نسبتًا سستا -

اَلْحَوَالَةُ الْبَرِيدِيَّةُ : منی آرڈر -

اَلْبَرِيدُ الْجَوِّيُّ : ہوائی ڈاک -

اَلِاسْتِمَارَاتُ : منی آرڈر فارمز - (واحد إِسْتِمَارَةٌ) -

طَرْدٌ : پارسل -

هَيْئَةُ الْبَرِيدِ : محکمۂ ڈاک - ڈاک -

سُعَاةُ الْبَرِيدِ : ڈاکیے (واحد سَاعِي الْبَرِيدِ)

ظُرُوفٌ : لفافے - برتن (واحد ظَرْفٌ)

بِطَاقَةٌ : کارڈ - (جمع بِطَاقَاتٌ)

اُنتیسواں سبق

تجارتی خط

شَرِكَةٌ : کمپنی - کارپوریشن -

اَلْأَدَوَاتُ الْكَهْرَبَائِيَّةُ : بجلی کا سامان -

مُدِيرٌ : ڈائرکٹر - مینیجر -

مُؤَسَّسَةٌ : کارپوریشن - کمپنی فاؤنڈیشن -

جَرِيدَةٌ رَسْمِيَّةٌ : سرکاری اخبار -

مِنْ سِيَادَتِكُمْ : جناب کی طرف سے

تَوْرِيدٌ : درآمد کرنا -

كَمِيَّاتٌ : مِقدار - تعداد -

اَلْمَصَابِيحُ الْكَهْرَبَائِيَّةُ : بجلی کے لیمپ - (واحد مِصْبَاحٌ)

أَجْهِزَةٌ : ضروری سامان -

أَسْلَاكٌ : تاریں - (واحد سِلْكٌ)

تَصْدِيرٌ : برآمد کرنا -

عَطَاءٌ : ٹنڈر - کوٹیشن -

مُعَجَّلٌ : جلد - بلا تأخیر -

مُدِیْرُ الْمَبِیْعَاتِ : سیلز مینیجر۔
ظُرُوْفٌ مُغْلَقَۃٌ : بند لفافے۔
مَوْعِدٌ : مقررہ تاریخ ۔ وقت ۔
وَکِیْلٌ : نائب ۔ ایجنٹ ۔
لِیَتَّصِلَ : تاکہ ملاقات کرے ۔ ملے۔ (مضارع منصوب)
یَدْرُسُ : مراد دیکھے بھالے ۔ جائزہ لے۔

تیسواں سبق

آیاتِ قرآنیہ

اَفْلَحَ : کامیاب ہوگیا ۔ (کامیاب ہوگئے) (ماضی)
خَاشِعُوْنَ : خشوع اور عاجزی کرنے والے ۔ (واحد خَاشِعٌ)
مُعْرِضُوْنَ : اعراض کرنے والے ۔ (واحد مُعْرِضٌ)
مَلُوْمِیْنَ : جنھیں ملامت کی جائے ۔ (اسم مفعول)
اِبْتَغٰی : چاہا ۔ پسند کیا ۔ (ماضی)
اَلْعَادُوْنَ : تجاوز کرنے والے (واحد عَادٍ)
یَمْشُوْنَ : وہ چلتے ہیں ۔ (مضارع)
هَوْنٌ : آرام ۔ اطمینان ۔
یَبِیْتُوْنَ : رات گزارتے ہیں ۔ (مضارع)
غَرَامٌ : تباہی ۔ ہلاکت ۔
مُسْتَقَرٌّ : ٹھکانا ۔ (اسمِ مفعول)
لَمْ یَقْتُرُوْا : وہ تنگی نہیں کرتے یعنی خرچ کرنے میں کنجوسی نہیں کرتے ۔ (جحد معلوم بمعنی مضارع منفی)

قَوَامٌ : اعتدال ۔ عدل ۔
لَا یَزْنُوْنَ : وہ زنا نہیں کرتے ۔ (مضارع منفی)
یَلْقَ : پائے گا ۔ ملے گا ۔
اَثَامٌ : گناہ ۔ مراد گناہ کی سزا ۔
مُهَانٌ : ذلیل و خوار ۔
لَا یَشْهَدُوْنَ : نہیں موجود ہوتے۔ نہیں حاضر ہوتے ۔ نہیں گواہی دیتے ۔ (مضارع منفی)
اَلزُّوْرُ : بیہودہ بات ۔ لغویات ۔ جھوٹ
لَمْ یَخِرُّوْا : نہیں گرتے ۔ (جحد معلوم بمعنی مضارع منفی بوجہ اِذا)
صُمٌّ : بہرے ۔ (واحد أَصَمُّ)
عُمْیَانٌ : اندھے ۔ (واحد أَعْمٰی)
غُرْفَةٌ : بالاخانہ ۔ کمرہ (جمع غُرَفٌ)
یُلَقَّوْنَ : اُن سے ملا جائے گا ۔ یعنی وہ پائیں گے ۔ (مضارع مجہول)
مَا یَعْبَؤُا : پروا نہ کرے گا ۔ (مضارع منفی)
دُعَاءٌ : عبادت ۔ دُعاء ۔
لِزَامٌ : وبالِ جان ۔

اکتیسواں سبق

اُستاد اور شاگردوں کا مکالمہ

اَلْاِذَاعَةُ الْمَرْئِیَّةُ : ٹیلیویژن ۔
أَحْدَثُ : جدید ترین ۔

وَسَائِلُ الْإِعْلَامِ : خبر پہنچانے کے ذرائع
اَلْإِذَاعَةُ : ریڈیو۔
يُسَاعِدُ : مدد دیتا ہے۔ (مضارع)
يُثَقِّفُ : مہذّب بناتا ہے۔تعلیم دیتا ہے۔ (مضارع)
أُمِّيَّةٌ : جہالت۔ناخواندگی۔
جَهَلَةٌ : جاہل لوگ۔ (واحد جَاهِلٌ)
اَلْمُرُوْرُ : سڑک پار کرنا۔ گزرنا۔
قَوَاعِدُ الْمُرُوْرِ أَوِ السَّيْرِ: ٹریفک رولز۔
إِشَارَاتُ السَّيْرِ : ٹریفک کے اِشارات۔
طَائِرَاتٌ : ہوائی جہاز۔
(واحد طَائِرَةٌ۔ طَيَّارَةٌ)
نِظَامٌ دُوَلِيٌّ : بین الاقوامی نظام۔
أَفْلَامٌ : فلمیں۔ (واحد فِلْمٌ)

بتّیسواں سبق

۱۔ تَرْبِيَةُ الْبَنِيْنَ

رَبُّوْا : تربیت کرو۔ (فعل امر حاضر)
فَتَيَاتٌ : لڑکیاں۔ (واحد فَتَاةٌ)
حُطَامٌ : سامان۔
سَاعٍ : جانے والا۔دوڑنے والا۔(اسمِ فاعل)
حُسَامٌ : تلوار۔
سَمَتْ : (سمو) بلند کیا۔ (ماضی)
اَلْمَحَلُّ السَّامِي : بُلند مقام۔

زِمَامٌ : باگ ڈور۔ مُہار۔
عَوَّامٌ : تیرنے والا۔
غَائِصٌ : غوطہ لگانے والا۔
قُطُرُ الْبُخَارِ : کوئلے سے چلنے والی ریل گاڑیاں۔
سُفُنُ الْبِحَارِ : بحری جہاز (واحد سَفِيْنَةٌ)
تَلُوْحُ : (بحری جہاز) ظاہر ہوتے ہیں۔ (مضارع)
أَعْلَامٌ : جھنڈے۔ (واحد عَلَمٌ)۔
مُنْطِقٌ : بات کرانے والا۔ (اسمِ فاعل)

۲۔ تَرْبِيَةُ الْبَنَاتِ

إِخْفَاقٌ : ناکامی۔ نقصان۔
طَيِّبُ الْأَعْرَاقِ : اچھی نسل والا۔
اَلْأُلَى : اَلسَّابِقُوْنَ۔ پہلے لوگ۔
مَآثِرُ : اچھے کارنامے۔ (واحد مَأْثَرَةٌ)
مَدَى : حد۔ اِنتہا۔
آفَاقٌ : اَطرافِ عالَم۔ کائنات۔ (واحد أُفُقٌ)
دَعُوْا : تم چھوڑو۔ جانے دو۔ (فعل امر حاضر)
سَوَافِرُ : کھلے چہروں پھرنے والیاں۔
(واحد سَافِرَةٌ)
يَجُلْنَ : (جول) وہ چکر لگائیں۔ (مضارع)
لَوَاهِي : غافل رہنے والیاں۔ (واحد لَاهِيَةٌ)
نَوَاعِسُ : نظریں نیچی رکھنے والیاں۔
اُونگھنے والیاں۔ (واحد نَاعِسَةٌ)

أَحْدَاقٌ : آنکھ کی پُتلیاں۔(واحد حَدَقَةٌ)
نَوَاعِسُ الْأَحْدَاقِ : نظریں نیچی رکھنے والیاں ۔مُراد پاکدامن عورتیں
دُوْرٌ : گھر۔ (واحد دَارٌ)
شُئُوْنٌ : کام۔فرائض۔ (واحد شَأْنٌ)
مِزْرَاقٌ : چھوٹا نیزہ ۔برچھی۔ (جمع مَزَارِيْقُ)
حُجُبٌ : پردہ۔
تَضْيِيْقٌ : تنگ کرنا۔
إِرْهَاقٌ : ظُلم کرنا۔ناقابلِ برداشت تکلیف دینا۔
وَثَاقٌ : قید۔رسّی۔جس چیز سے کسی کو باندھا جائے۔(جمع وُثُقٌ)
تَسْتَبِيْنَ : وہ (عورتیں) ظاہر ہوں۔ باہر نکلیں۔ (مضارع)

تینتیسواں سبق

عَالَمِ عَرَبی

مَقَامٌ : مرتبہ۔ (جمع مَقَامَاتٌ)
مَعَادِنُ الطَّبِيْعِيَّةِ : طبعی معدنیات۔
يَتَمَتَّعُ : فائدہ حاصل کرتا ہے۔لُطف اندوز ہوتا ہے۔
يَتَمَتَّعُ بِمَوْقِعٍ جُغْرَافِيٍّ فَرِيْدٍ : اُسے جُغرافیائی بے نظیر محلِّ وقوع حاصل ہے۔
إِذْ تَلْتَقِيْ عِنْدَهٗ قَارَّاتٌ ثَلَاثٌ : کیونکہ وہاں تین برِّ اعظم ملتے ہیں۔
آسِيَا : ایشیا۔
أُوْرُوْبَا : یورپ۔
أَفْرِيْقِيَا : افریقہ۔
يَمْتَدُّ : پھیلتا ہے۔پھیلا ہوا ہے۔(مضارع)
اَلْمُحِيْطُ الْأَطْلَسِيُّ : بحرِ اوقیانوس۔
نَفْطٌ : پٹرول۔
مَهْبَطٌ : اُترنے کی جگہ۔ (اسمِ ظرف)
حُجَّاجٌ : حاجی حضرات۔ (واحد حَاجٌّ)
تَهْوِيْ إِلٰى : (مُسلمانوں کے دل) مائل رہتے ہیں۔ (مضارع)
أَفْئِدَةٌ : دِل۔قلوب۔ (واحد فُؤَادٌ)
مَبَانِيْ : عمارات۔ (واحد مَبْنًى)
مَوَانِيْ : بندرگاہیں۔ (واحد مِيْنَاءٌ)
تَرْسُوْ : (بحری جہاز) لنگرانداز ہوتے ہیں۔
بَوَاخِرُ : بحری دُخانی جہاز۔سٹیمر (واحد بَاخِرَةٌ)
آبَارٌ : کنوئیں۔ (واحد بِئْرٌ)
نَشَطَتْ : سُستی ترک کردی۔چُست ہوگئی۔ (ماضی)
نَفَضَ : جھاڑ دیا۔ (ماضی)
خُمُوْلٌ : سستی۔
نَامِيَةٌ : ترقی پذیر۔ } یعنی تیزی سے ترقی پذیر۔
رَاقِيَةٌ : ترقی یافتہ۔ }
مِيْزَةٌ : امتیاز۔خُصوصیت۔

نِظَامُ الرَّيِّ : نظامِ آبپاشی ۔

أَقْنِيَةٌ : نہریں ۔ (واحد قَنَاةٌ)

سُدُوْدٌ : بند ۔ ڈیمز (واحد سَدٌّ)

قَنَاةُ السُّوَيْس : نہرِ سویز ۔

أَهْرَامٌ : مِصر کی قدیم عمارات ۔ قدیم شاہانِ مِصر کا قبرستان ۔

شَيَّدَ : (اُنھوں نے) تعمیر کیا ۔ (ماضی)

إِكْتِشَافٌ : دریافت ہونا ۔

بَطَلٌ : عظیم لیڈر ۔ بہادر انسان ۔

اَلدَّوْلَةُ الشَّقِيْقَةُ : بھائی مُلک ۔ وُہ مُلک جس کے ساتھ تعلّقات بھائیوں جیسے ہوں

يَعِيْشُوْنَ : زندگی گزارتے ہیں ۔ رہتے ہیں (مضارع)

چونتیسواں سبق

احادیثِ نبویہ

صِحَابَةٌ : سُلوک ۔ رویّہ

رَغِمَ أَنْفُ : ذلیل ہوگیا یا ذلیل ہُوا ۔ ناک خاک آلود ہوگئی ۔

كَانَ يُوْصِيْ : (وُہ) وصیّت کرتا رہا ۔ (ماضی اِستمراری)

سَيُوَرِّثُهُ : اُسے وارث بنادے گا ۔

لَا يَأْمَنُ : امن میں نہ رہے ۔ (مضارع منفی)

بَوَائِقُ : شرارتیں ۔ (واحد بَائِقَةٌ)

مُكَافِئٌ : بدلہ لینے والا ۔ صِلۂ رحمی کرنے والوں کے ساتھ صِلۂ رحمی کرنے والا ۔ (اسمِ فاعل)

لَا تَبَاغَضُوْا : ایک دُوسرے سے بُغض نہ رکھو ۔ (فعلِ نہی)

لَا تَدَابَرُوْا : ایک دُوسرے کی مُخالفت نہ کرو ۔ ایک دُوسرے سے قطعِ تعلّق نہ کرو ۔ (فعلِ نہی)

شَبَّكَ : ایک دُوسرے میں داخل کیا ۔

نَفَّسَ : دُور کیا ۔

كُرْبَةٌ : تکلیف ۔ (جمع كُرَبٌ)

يَتَدَارَسُوْنَ : وُہ آپس میں ایک دُوسرے کو سمجھاتے ہیں ۔ (فعل مضارع)

غَشِيَتْ : ڈھانپ لیا ۔ (ماضی)

حَفَّتْ : گھیر لیا ۔ اِحاطہ کرلیا ۔ (ماضی) (یعنی فرشتے اُنھیں گھیر لیتے ہیں ۔)

بَطَّأَ : تأخیر کی ۔ پیچھے رہ گیا ۔ (ماضی)

بَطَّأَ بِهِ عَمَلُهُ : جس کے عمل نے تأخیر کی ۔ یعنی جس کے پاس عمل نہ ہُوا ۔

پینتیسواں سبق

خرید وفروخت

رَاتِبٌ : تنخواہ ۔

تَشْتَرِيْ : تُو خریدے گا ۔ (مضارع)

كَرَارِيْسُ : کاپیاں ۔ (واحد كُرَّاسَةٌ)

رَسْمٌ : ڈرائنگ ۔ تصویر بنانا ۔

بَدْلَةٌ : سُوٹ ۔ (بِذْلَةٌ)

مِعْطَفٌ : بڑا کوٹ ۔ اوورکوٹ (بڑی چادر) (یہاں مُراد اوورکوٹ ہے) ۔

صُدْرَةٌ : صدری ۔ واسکٹ ۔

حِذَاءٌ : جُوتا ۔ بُوٹ ۔ (جَزْمَةٌ)

اَلشَّارِعُ الْمُجَاوِرُ : ساتھ والی گلی ۔ لوکل مارکیٹ ۔

غَالِيَةٌ : مہنگا ۔

إِقْتِصَادٌ : کفایت شعاری ۔

تَوْفِيْرٌ : مال بچانا ۔ سیونگ ۔

اَلْقُمَاشُ الْمُطَرَّزُ : مُنقّش کپڑا ۔ جس پر کڑھائی کا کام کیا گیا ہو ۔

چھتیسواں سَبَق

خُطْبۂ حجّۃ الْوداع

أَلْقٰى : پیش کیا ۔ (خُطْبہ) دِیا ۔ (ماضی)

يَوْمَ عَرَفَةَ : نویں ذی الحج ۔

عَرَفَةُ : مکّے کے قریب ایک پہاڑ کا نام (عَرَفَات)

رِبًا : سُود ۔

رُؤُوْسٌ : سر ۔ مُراد اَصل زر (واحد رَأْسٌ)

دِمَاءٌ : خُون ۔ (واحد دَمٌ) ۔

رِقَابٌ : گردنیں ۔ (واحد رَقَبَةٌ) ۔

كِسْوَةٌ : لِباس ۔

إِسْتَوْصُوْا : وصیت کرو ۔ حُکم دو ۔ (فِعْل اَمر)

لِيُبَلِّغْ : (وُہ) پہنچا دے ۔ (فعل امر غائب)

أَوْعٰى : زیادہ سمجھ دار ۔ زیادہ یاد رکھنے والا ۔ (اِسْمِ تفضیل)

سینتیسواں سَبَق

پاکِستان میں شادی کی رُسُوم

تَقَالِيْدُ : رُسُومات ۔ (واحد تَقْلِيْدٌ)

قَوَانِيْنُ الْأُسْرَةِ : فیملی لاز ۔ خاندانی قوانین ۔

خَاتَمُ الْخُطُوْبَةِ : منگنی کی انگوٹھی جو منگنی کے دِن دُولھا دُلھن کی طرف سے ایک دُوسرے کو دی جاتی ہے ۔

حَفْلٌ : تقریب ۔ اِجتماع ۔ (حَفْلَةٌ)

عَقْدُ الْقِرَانِ : شادی ۔ (الزَّوَاجُ)

عَرِيْسٌ : دُولھا ۔

عَرُوْسٌ : دُلھن ۔ (جمع عَرَائِسُ)

مَوْكِبٌ : جلوس ۔ (جمع مَوَاكِبُ)

رَائِعٌ : شاندار ۔

يُرَحِّبُ : (دُلھن کے گھر والے) خوش آمدید کہتے ہیں ۔

أَقَارِبُ : رِشتے دار ۔ (واحد قَرِيْبٌ)

أَصْدِقَاءُ : دوست ۔ (واحد صَدِيْقٌ)

أَكَالِيلُ : تاج - ہار - (واحد إِكْلِيلٌ)

اَلْأَوْرَاقُ الْمَالِيَّةُ : کرنسی نوٹ -

حُلِيٌّ : زیورات - (واحد حَلْيٌ)

مُخِيفٌ : خطرناک - خوفناک - (اسمِ فاعل)

عَشَرَاتُ الْأُلُوفِ : ہزاروں -

مُشْكِلَةٌ : پرابلم - مُشکل مسئلہ -
(جمع مَشَاكِلُ)

نُحَاوِلُ : ہم چاہتے ہیں - (مضارع)

اَلْمُجْتَمَعُ الْهِنْدُوكِيُّ : ہندو معاشرہ -

اڑتیسواں سَبَق

جلالت مآب شاہ فیصل

جَلَالَةُ الْمَلِكِ : بادشاہ سلامت -
ہز میجسٹی -

تَرَبَّى : تربیت پائی - (ماضی)

تَلَقَّى : حاصل کیا - سیکھا - (ماضی)

كَانَ يَتَحَلَّى : وہ آراستہ تھا - (اِستمراری ماضی)

بَسَاطَةٌ : سادگی -

اَلتَّرَفُ : عیش پسندی - عیاشی -

تَوَلَّى : والی بنا - قیادت سنبھالی -

حَمْلَةُ تَأْدِيبٍ : حملہ برائے اِصلاح -
برائے گوشمالی -

مُتَمَرِّدِينَ : باغی لوگ - (واحد مُتَمَرِّدٌ)

عَسِيرٌ : جزیرۂ عرب کے مغرب میں ایک علاقے کا نام -

زَاحِفٌ : آہستہ آہستہ چلنے والا - مُراد
بھاری لشکر، جو بوجہ اسلحہ وغیرہ
کے آہستہ آہستہ چلنے والا ہو -

اَلْعَهْدُ الزَّاهِرُ : شاندار زمانہ -
خُوش حالی کا دَور -

خُطَّةٌ : عادت - طریقہ -

تَبْذِيرٌ : فضول خرچی -

تَصَرُّفَاتُ الْقَصْرِ : شاہی محل
کے بے جا تصرُّفات -

هُبُوطٌ : زوال - گراوٹ -

سِعْرٌ : نرخ - ریٹ - قیمت - (جمع أَسْعَارٌ)

تَرَاكُمٌ : جمع ہوجانا - ڈھیر لگ جانا -
(بیرُونی قرضوں کا) بڑھ جانا -

قَرَّرَ : فیصلہ کیا - (ماضی)

أَعْيَانُ الْأُسْرَةِ : خاندان کے
بااَثر اَفراد -

خَلْعٌ : تخت سے اُتارنا -

مَسْئُولِيَّةٌ : ذمہ داری -

وَجَّهَ كَلِمَةَ التَّالِيَةَ : درج ذیل
خُطبہ دِیا -

كِيَانٌ : عظمت - وُجُود -

بَلَدٌ : سلطنت - مملکت - (جمع بُلْدَانٌ)

مُوَاطِنِينَ : اَہلِ وَطَن (واحد مُوَاطِنٌ)

هُدَاةٌ : راہ دکھانے والے۔ (واحد هَادِیْ)

تَقَاطَرَتْ : یکے بعد دیگرے آئے۔

إِزْدَهَرَتْ : (زھر) ترقی کی۔ رونق پائی۔ (ماضی)

إِدَارِيَّةٌ : انتظامی۔

ضَحّٰی : قربان کر دیا۔ (ماضی)

أَيَادِيه الْعَظِيمَة : شاہ فیصل کے عظیم احسانات۔

نُكِنُّ : ہم دل میں رکھتے ہیں۔ چھپاتے ہیں۔ (مضارع)

أُنتالیسواں سَبَق

دو دوستوں کی مُلاقات

صَدِيقَانِ حَمِيمَانِ : دو گہرے دوست۔ دو مُخلص دوست۔

زَمِيلَانِ : دو ہم جماعت (واحد زَمِیلٌ)

يَتَحَدَّثَانِ : وہ دو باتیں کرتے ہیں۔ (مضارع)

شَتّٰی : مُختلف

دَارَ : (گفتگو) چلی۔ (ماضی)

فِكْرَةٌ جَيِّدَةٌ : عُمدہ خیال۔ اچھا نظریہ

مُؤْتَمَرُ الْقِمَّةِ : سربراہی کانفرنس۔

مَقَرٌّ : ہیڈ کوارٹر۔

هَيْئَةُ الْأُمَمِ الْمُتَّحِدَةِ : یو۔این۔او

مَجَالِسُ : کونسلیں۔ جماعتیں (واحد مَجْلِسٌ)۔

مُنَظَّمَاتٌ : ادارے۔ تنظیمیں (واحد مُنَظَّمَةٌ)

جَذَّابٌ : دِلرُبا۔ دِلکش۔

مَعَ السَّلَامَةِ : خُدا حافظ۔

إِلَى اللِّقَاءِ : پھر ملیں گے۔

چالیسواں سَبَق

(ا) مُزدُوروں کا گیت

عُمَّالٌ : ہاتھ سے کام کرنے والے۔ مُزدُور (واحد عَامِلٌ)۔ عَامِل کا لفظ عربی میں بڑے سے بڑے عُہدہ دار سے لے کر عام مُزدُور تک بولا جاتا ہے۔ یہاں مُراد مُزدُور۔

فِتْيَانٌ : نوجوان۔ (واحد فتًی)

نُجْرِی : ہم جاری کرتے ہیں۔ چلاتے ہیں۔

ثَنَايَا : گھاٹیاں۔ (واحد ثَنِيَّةٌ)

فُؤُوسٌ : کُلھاڑیاں۔ (واحد فَأْسٌ)

نَسْتَوِی : ہم آرام سے جم کر بیٹھ جاتے ہیں۔

مِحْرَاثٌ : ٹریکٹر۔

نَحْطِمُ : ہم توڑتے ہیں۔

صَخْرٌ : چٹان۔ پتھر۔ (جمع صُخُورٌ)

قُوًی : طاقت۔ اعضاء (واحد قُوَّةٌ)

نُفُوسٌ : جانیں۔ ارواح۔ (واحد نَفْسٌ)

نَشْقٰی : (شقی) ہم سختی جھیلتے ہیں (مضارع)

إِسْعَادٌ : سعادت۔ ترقی۔

كَمْ : بہت سے۔

نَاطَحَتْ : ٹکرائے ۔ (لفظی معنی وہ ٹکرائی) (ماضی)

رُكْنٌ : بُنیاد ۔ (جمع أَرْكَانٌ)

نَحَتْنَا : ہم نے کاٹا ۔ تراشا ۔ صاف کیا ۔ (ماضی)

قِبَابٌ : گول چھت والے اُونچے مکانات ۔ واحد قُبَّةٌ

مَوَارِدُ : راستے ۔ ذرائع ۔ (واحد مَوْرِدٌ)

إِقْلَالٌ : افلاس ۔ مال کی کمی ۔ تنگی ۔

إِبْنُ النَّعِيْمِ : دولت مند ۔

بَتَارِيْحُ : شدائد ۔ معاشی مُشکلات ۔

(یہ لفظ جمع ہی استعمال ہوتا ہے)

أَهْوَالٌ : خطرات ۔ (واحد هَوْلٌ)

زَكّٰى : پاکیزہ بنایا ۔ زکوٰۃ ادا کی ۔

فَوَائِضُ : زائد مال ۔ (واحد فائِضٌ)

ثَوْرَاتٌ : اِنقلابات ۔ بغاوتیں ۔

(واحد ثَوْرَةٌ)

أَوْجَالٌ : خوف وخطرات ۔ (واحد وَجَلٌ)

٢ ۔ إِحْسَان

إِفْضَالٌ : نیکی ۔ اِحسان ۔

سَوَاقِيْ : چھوٹی نہریں ۔ نالیاں (واحد سَاقِيَةٌ)

يَأْسَنُ : بدبُودار ہوجاتا ہے ۔ (مضارع)

سَلْسَالٌ : میٹھا پانی ۔ تازہ پانی ۔

ثَرَاءٌ : دَولت ۔ ثروت ۔

ضمیمہ قواعدِ عربی

برائے جماعت نہم و دہم

فعل ماضی، مضارع، امر و نہی جماعت ششم تا ہشتم میں آچکے ہیں۔ ان کی مزید مشق کے علاوہ فعل معروف و مجہول، اقسامِ ماضی اور تغیّراتِ مضارع (لفظی و معنوی)، اسمِ فاعل، اسمِ مفعول، صفتِ مشبّہ، اسمِ تفضیل، اسمِ آلہ، اسمِ ظرف، حروفِ مشبّہ بالفعل، حروفِ جارّہ، حروفِ ناصبہ، حروفِ جازمہ، حروفِ نفی، حروفِ ندا، کلماتِ استفہام، اسمائے اشارہ، اسمائے موصولہ، ضمائر، مرکّباتِ ناقصہ، جملۂ اسمیہ، جملۂ فعلیہ اور مبتداء و خبر و فاعل و مفعول کو نویں دسویں جماعت میں بطور قواعدِ عربی سمجھایا جائے۔ اور اُن کی مشق کرائی جائے۔

نوٹ: آسان طریقے سے قواعدِ عربی کی تدریجاً تدریس کا التزام ملحوظ رکھا جائے اور طلبہ کو مُعرب و مبنی اور منصرف و غیر منصرف کی شناخت بھی کرائی جائے۔

پرچہ سوالات کے لیے نمبروں کی تقسیم:

١۔ عربی نثر کا اردو میں ترجمہ	٣٠ نمبر
٢۔ عربی نظم کا اردو میں ترجمہ	١٥ "
٣۔ اردو سے عربی میں ترجمہ	١٥ "
٤۔ قواعدِ عربی	١٥ "
٥۔ تمرینات پر مبنی سوالات	٢٥ "
کُل	١٠٠ "

تمرینات پر مبنی سوالات کی تفصیل:

ا۔ خالی جگہوں کو پُر کرنا۔	٥ نمبر
ب۔ غلط جملوں کی درستی	٥ "
ج۔ الفاظ پر اعراب لگانا	٥ "
د۔ الفاظ کا جملوں میں استعمال	٥ "
ہ۔ عربی سوالات کے عربی میں جوابات	٥ "
کُل	٢٥ "

... محفوظ ہیں
تیارکردہ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور و منظور کردہ حکومت پنجاب (محکمہ تعلیم) لاہور
بذریعہ سرکلر نمبر S. O. (C) 10-25/74 مورخہ 15-7-1975
نظرثانی شدہ قومی ریویو کمیٹی وفاقی وزارتِ تعلیم و صوبائی رابطہ، حکومتِ پاکستان

قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد کِشورِ حسین شاد باد
تُو نشانِ عزمِ عالی شان اَرضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام قوّتِ اُخوّتِ عوام
[illegible]ک، سَلطنت پایندہ، تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد

پرچم ستارہ و ہلال رہبرِ ترقی و کمال
[illegible]رجمانِ ماضی شانِ حال جانِ استقبال
سایۂ خُدائے ذُوالجلال

نمبر شمار 1306
کوڈ نمبر

ایڈیشن	تاریخ اشاعت	تعداد	قیمت
اوّل	اپریل 1976ء	20,000	Rs. 3.60